**Shabbir / Fazil**

**16-09-2026**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

**(Music)**

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں اسلم بیگ

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1- سرکار نے کہا ہے کہ ایک شخص سے دوسرے شخص تک UPI لین دین پر کوئی چارجز عائد نہیں ہوں گے، خواہ کتنی ہی رقم منتقل کی گئی ہو۔

2- مہاراشٹر سرکار نے 26-2025 کے پیرائی کے سیزن کیلئے شکر ملوں کو نرم شرائط کے قرضے فراہم کرنے کا فیصلہ کیا ہے، تاکہ کسانوں کے بقایاجات ادا کیے جا سکیں۔

3- دلی سرکار نے آشا کارکنوں کیلئے ماہانہ ترغیبی رقم تین ہزار روپے سے دوگنا کرکے چھ ہزار روپے کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ قومی راجدھانی میں کالجوں اور یونیورسٹیوں میں پڑھنے والے دس ہزار طلبا کیلئے ہوسٹل بھی بنائے جائیں گے۔

4- بھارت-امریکہ مشترکہ فوجی مشق Yudh Abhyas اتراکھنڈ میں Auli اور راجستھان میں مہاجن فیلڈ فائرنگ رینج میں ہو رہی ہے۔

5- نیو زیلینڈ کی پارلیمنٹ نے بھارت کے ساتھ آزادانہ تجارت کے سمجھوتے کو نافذ کرنے کیلئے متعلقہ بل کو منظوری دے دی ہے۔

6- اور مردوں کی کرکٹ میں، بھارت نے دوسرے ٹی-ٹوئنٹی میچ میں افغانستان کو سات وکٹ سے ہرا دیا۔ اِس طرح بھارت نے دو-صفر کی سبقت حاصل کرکے تین میچوں کی سیریز اپنے نام کرلی ہے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

Govt - UPI

حکومت نے واضح کیا ہے کہ UPI کے ذریعے، ایک فرد سے دوسرے فرد کے درمیان، خواہ کتنی ہی رقم کا لین دین کیا گیا ہو، اِس P2P لین دین پر کوئی چارج نہیں لگے گا۔

وزارتِ خزانہ نے بتایا کہ کاروباریوں کیلئے 2 ہزار روپے تک کی رقم کی ادائیگی اور چھوٹے کاروباریوں کیلئے، زیرو مرچنٹ ڈسکاؤنٹ ریٹ MDR فریم ورک کے تحت لین دین بھی مُفت رہے گا۔

وزارت نے بتایا کہ نتیجتاً سبھی P2M لین دین کا تقریباً 96 فیصد حصہ اِس اصول سے متاثر نہیں ہوگا۔
NPCI نے بتایا کہ UPI کی مرچنٹ ڈِسکاؤنٹ شرح کا نظرثانی شدہ فریم ورک کچھ خاص کاروباری لین دین پر عائد کیا گیا ہے۔ یہ فریم ورک اگلے مہینے کی 15 تاریخ سے لاگو ہوگا، جبکہ UPI، صارفین کیلئے مُفت رہے گی۔
ہمارے نامہ نگار نے بتایا ہے کہ چھوٹے کاروباریوں کے ہاتھوں UPI کے استعمال کو فروغ دینے کیلئے، MDR کی مجموعی حصولیابی کے 5 فیصد حصے سے ایک خصوصی فنڈ قائم کیا جائے گا۔
پیش ہے ایک رپورٹ

V/C - Akshit

وزارتِ خزانہ نے کہا ہے کہ یہ چارجز کسی فرد سے کسی کاروباری کو، 2 ہزار روپے سے زیادہ کی رقم کے P2M لین دین پر عائد ہوں گے۔ وزارت نے بتایا کہ UPI ایپ فراہم کرنے والی کمپنیوں کو واضح طور پر منع کر دیا گیا ہے کہ وہ اپنے پلیٹ فارم پر کسی طرح کی فیس یا کوئی پوشیدہ چارجز عائد نہ کریں۔ وزارت نے کہا کہ بینکوں کو مشورہ دیا گیا ہے کہ وہ اِس بات کو یقینی بنائیں کہ کاروباری، اپنی رعایتی شرح MDR کے چارجز، UPI لین دین کیلئے صارفین کو منتقل نہیں کر رہے ہیں۔ صفر اعشاریہ 4 فیصد کی ایک برائے نام شرح، P2M لین دین پر عائد کی جائے گی اور وہ بھی 2 ہزار روپے کی رقم سے زیادہ پر۔ البتہ 75 ہزار روپے اور اِس سے زیادہ کی رقم والے لین دین پر زیادہ چارجز لیے جائیں گے۔
MDR کی زیادہ سے زیادہ رقم، فی لین دین زیادہ سے زیادہ 300 روپے رہے گی۔
اکشت ویدیان کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں............

Rev.Maha Cabinet Decisions

مہاراشٹر کابینہ نے امدادِ باہمی شکر ملوں کے لئے تقریباً 750 کروڑ روپے کے نرم شرائط کے قرضوں کو منظوری دے دی ہے تاکہ 2025-26 کے پیرائی سیزن کے لئے گنا کسانوں کے واجب اور منافع بخش قیمتوں کے بقایاجات ادا کیے جا سکیں اور 2026-27 کے سیزن کیلئے مدد کی جا سکے۔
مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے:

V/C Prarthna

امدادِ باہمی شکر ملوں کیلئے تقریباً 750 کروڑ روپے کے نرم شرائط کے قرضوں کو منظوری دینے کا فیصلہ ممبئی میں وزیراعلیٰ دیویندر فڈنویس کی صدارت میں کابینہ میٹنگ میں کیا گیا۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ ریاستی سرکار اِن قرضوں پر سود کا خرچ اٹھائے گی۔ جناب فڈ نویس نے کہا کہ اِس اقدام سے امدادِ باہمی شکر ملوں کو پیرائی کے موجودہ سیزن کیلئے گنّا خریدنے اور اپنا کام کاج شروع کرنے میں سہولت ہوگی اور اِس سے شکر ملوں اور کسانوں دونوں کو فائدہ ہوگا۔

میٹنگ کے بعد نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے جناب فڈنویس نے بتایا کہ مہاراشٹر ریاست نے گنّا کسانوں کو واجب اور منافع بخش قیمتوں کے لگ بھگ 99 اعشاریہ پانچ فیصد بقایاجات ادا کردیے ہیں اور وہ اِس اعتبار سے ایسا کرنے والی ملک میں پہلی ریاست ہے۔

ممبئ سے پرارتھنا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں .....

Rev.Delhi Cabinet

دلّی سرکار نے، آشا کارکنوں کیلئے ماہانہ مقررہ ترغیبی رقم کو دو گُنا کرنے کا اعلان کیا ہے۔ ابھی تک یہ رقم 3 ہزار روپے تھی، جسے 6 ہزار روپے کر دیا گیا ہے۔ یہ فیصلہ کل نئ دلّی میں وزیر اعلیٰ ریکھا گپتا کی صدارت میں منعقدہ ایک کابینہ میٹنگ میں کیا گیا۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C - Rishu

اس ماہانہ ترغیبی رقم میں اضافے سے فی الحال دلّی میں کام کرنے والی 6 ہزار سے زیادہ آشا کارکنوں کو فائدہ پہنچے گا۔ دلّی کی وزیر اعلیٰ ریکھا گپتا نے کہا کہ ماہانہ ترغیبی رقم میں یہ اضافہ، آشا کارکنوں کے تعاون کے اعتراف اور اُن کی مالی یقین دہانی کی جانب ایک اہم قدم ہے۔ محترمہ گپتا نے کہا کہ اِس سے اُنہیں اُن کے کام کے تئیں اُن کے جذبے میں اضافہ ہوگا اور اُنہیں اپنی خدمات جاری رکھنے میں مدد ملے گی۔

اسی دوران دلّی سرکار نے قومی راجدھانی میں کالجوں اور یونیورسٹیوں میں 10 ہزار طلبا کیلئے ہوسٹل تعمیر کرنے کا بھی فیصلہ کیا ہے۔

دلّی کی وزیر اعلیٰ نے کہا کہ سرکار، کالجوں کا یہ جائزہ بھی لے گی کہ آیا ہوسٹل کی تعمیر کیلئے وافر جگہ موجود ہے؟

رِشو جیسوال کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں............

UP NSG USB

اترپردیش کے وزیراعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ کی صدارت میں ریاستی کابینہ نے نیشنل سیکیورٹی گارڈ NSG کا علاقائی مرکز قائم کرنے کی خاطر ایودھیا کی Milkipur تحصیل میں 26 ہیکٹئر بنجر زمین امورِ داخلہ کی مرکزی وزارت کو منتقل کیے جانے کی منظوری دے دی ہے۔

Chhattisgarh Conference

چھتیس گڑھ کا ریاستی انتخابی کمیشن نوا رائے پور میں، ریاستی انتخابی کمشنروں کی ایک دو روزہ، آل انڈیا کانفرنس منعقد کر رہا ہے، جو آج سے شروع ہو رہی ہے۔

انتخابی کمشنروں کی اِس 32 وِیں کانفرنس کا افتتاح گورنر Ramen Deka کریں گے۔ مختلف ریاستوں کے انتخابی کمشنرز، تیسرے درجے کے پنچایتی راج اداروں اور شہری مقامی اداروں کو مزید اختیارات دینے، اُنہیں شفاف ، سب کی شمولیت والا، قابلِ اعتبار اور شریک بنانے پر تبادلۂ خیال کریں گے۔

نیو جرسی اور امریکہ کی، پرنسٹن یونیورسٹی کے بین الاقوامی ماہرین بھی، جنہیں جمہوری انتخابات میں مہارت حاصل ہے، کانفرنس میں شرکت کریں گے۔×

BREAK

یہ خبرنامہ آ کاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Chouhan Bihar Visit

زراعت اور کسانوں کی بہبود کے مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان ایک دن کے دورے پر آج بہار جا رہے ہیں۔ جناب چوہان، وزیراعظم نریندر مودی کی ہدایت پر یہ دورہ کر رہے ہیں۔ وہ سیلاب کی صورتحال نیز راحت اور بچاؤ کارروائی کا جائزہ لیں گے اور سیلاب سے متاثرہ کسانوں اور ان کے کنبوں سے ملیں گے۔

پیش ہے ایک رپورٹ:

V/C Abhishek Das

جناب شیو راج سنگھ چوہان، پٹنہ ضلعے میں Dighwara اور Maner کے سیلاب سے متاثرہ علاقوں کا فضائی معائنے کے ساتھ اپنے دورے کا آغاز کریں گے۔ اِس کے بعد وہ حاجی پور میں Tarsia اور سرائے پور گاؤں جائیں گے۔ پٹنہ میں جناب چوہان ریاست کے وزیراعلیٰ سمراٹ چودہری اور سرکردہ افسروں کے ساتھ اعلیٰ سطح کی میٹنگ کریں گے۔ اس میں سیلاب کی صورتحال، بچاؤ اور راحت کارروائیوں نیز متاثرہ کسانوں کو فراہم کی گئی امداد کا جائزہ لیا جائے گا۔

اِدھر بہار میں سیلاب کی صورتحال اب بھی سنگین ہے۔ 15 ضلعوں میں تقریباً پچاس لاکھ افراد پر سیلاب کا اثر پڑا ہے۔ مرکزی آبی کمیشن کے مطابق کئی مقامات پر دریائے گنگا، گنڈک، کوسی، Punpun، باگمتی اور گھاگرا خطرے کے نشان سے اوپر بہہ رہے ہیں۔

پٹنہ سے ابھیشیک داس کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں

India US Joint Exercise

بھارت-امریکہ مشترکہ فوجی مشق Yudh Abhyas اتراکھنڈ میں Auli اور راجستھان میں مہاجن فیلڈ فائرنگ رینج میں ہو رہی ہے۔ بھارت اور امریکہ کے درمیان 22ویں مشترکہ فوجی مشقوں کی افتتاحی تقریب اتراکھنڈ کے چمولی ضلع میں Auli کے مقام پر ہوئی۔ اِس میں دونوں ملکوں میں سے ہر ایک ملک کے 600 اہلکاروں کے دستوں نے حصہ لیا۔

اِس فوجی مشق کا مقصد پہاڑی اور نیم پہاڑی علاقوں میں مشترکہ فوجی کارروائی کیلئے دونوں ملکوں کی افواج کی صلاحیت میں اضافہ کرنا ہے۔ اِس میں Infantry پر مبنی کارروائی پر خاص زور دیا جا رہا ہے۔

اِس تربیت میں نگرانی کیلئے ڈرون اور خود مختار نظام کا استعمال شامل ہے۔ مہاجن فیلڈ فائرنگ رینج پر جدید طرز کے اسلحہ نظام کا مظاہرہ بھی کیا جائے گا۔

دونوں افواج کے ماہرین ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیوں اور کثیر رخی جنگی سازوسامان سے متعلق حالات و واقعات پر اپنا اپنا نقطہ نظر بھی پیش کریں گے۔x

NZ Parliament FTA

نیو زیلینڈ کی پارلیمنٹ نے بھارت کے ساتھ اپنے آزاد تجارتی سمجھوتے پر عمل درآمد کیلئے ایک بل کو منظوری دی ہے، جس سے دونوں ملکوں کے درمیان محصولات میں خاطر خواہ کمی آجائے گی اور تجارت میں وسعت پیدا ہوگی۔

اِس بل کو منظوری 29 کے مقابلے 93 ووٹوں سے دی گئی، جس میں اپوزیشن لیبر پارٹی نے بھی حمایت کا اظہار کیا۔

نیو زیلینڈ کے تجارت کے وزیر Tod McClay نے کہا کہ اِس سمجھوتے سے، برآمدکاروں کو فوری اور خاطر خواہ فائدے حاصل ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ امید ہے کہ یہ اعلیٰ کوالٹی والا تجارتی سمجھوتہ، اِس سال کے آخر تک لاگو ہو جائے گا۔

سمجھوتے کے تحت نیو زیلینڈ کی طرف سے بھارت کو، کی جانے والی تقریباً 95 فیصد برآمدات پر سے محصولات ہٹ جائیں گے، یا اِن میں خاطر خواہ کمی کر دی جائے گی۔

اِس سمجھوتے میں شامل کی گئی آدھی سے زیادہ مصنوعات محصولات سے آزاد ہو جائیں گی۔ سبھی بھارتی اشیاء پر، نیو زیلینڈ کی مارکیٹ میں رسائی پر محصولات عائد نہیں ہوں گے۔ نیو زیلینڈ میں بھارت نے اگلے 15 سال کے دوران 20 ارب امریکی ڈالر کی سرمایہ کاری سے بھی اتفاق کیا ہے۔x

Cricket IND VS AFG

مردوں کی کرکٹ میں، بھارت نے دوسرے ٹی۔ٹوئنٹی میچ میں افغانستان کو سات وکٹ سے ہرا دیا۔ اِس طرح بھارت نے دو-صفر کی سبقت حاصل کرکے تین میچوں کی سیریز اپنے نام کرلی ہے۔

کل رات دلی کے ارون جیٹلی اسٹیڈئم میں کھیلے گئے میچ میں بھارت نے 160 رن کا جیت کا نشانہ 14 اوورز اور پانچ گیندوں میں ہی تین وکٹ کھوکر حاصل کرلیا۔ Sanju Samson نے 22 گیندوں پر دھواں دھار 57 رن بنائے، جبکہ ابھیشیک شرما نے 19 گیندوں پر 39 رن اسکور کیے۔ ایشان کشن نے 23 گیندوں پر 38 رن بنائے اور آخر تک آؤٹ نہیں ہوئے۔

اِس سے قبل بھارت نے ٹاس جیت کر افغانستان سے بلے بازی کرنے کو کہا اور اُس نے مقررہ 20 اوورس میں 8 وکٹ پر 159 رن بنائے۔ کپتان ابراہیم Zadran نے سب سے زیادہ 37 رن اسکور کیے۔

بھارت کی طرف سے نتیش کمار Reddy نے تین وکٹ لیے جبکہ ارش دیپ سنگھ نے دو کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ Reddy کو میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔

سیریز کا تیسرا اور آخری ٹی۔ٹوئنٹی میچ کل دلی میں اسی میدان پر کھیلا جائے گا۔x

IMD Weather

بھارتی موسمیات محکمے نے انڈمان نکوبار جزائر، ارونا چل پردیش، آسام، میگھالیہ، ہریانہ، چنڈی گڑھ اور دلی میں آج تیز بارش ہونے کی پیشگوئی کی ہے۔

کیرالہ، ماہے، پنجاب، مغربی بنگال میں ذیلی ہمالیائی خطے، سکم، تمل ناڈو، پدوچیری اور کرائکل میں بھی اسی طرح کا موسم رہنے کا امکان ہے۔

موسمیات محکمے کے مطابق اگلے دو دن کے دوران بہار، جموں و کشمیر، لداخ، جھارکھنڈ، اوڈیشہ اور راجستھان میں گرج چمک کے ساتھ بارش ہوسکتی ہے۔x

World Ozone Day

آج دنیا بھر میں، اوزون کا دن منایا جا رہا ہے۔ یہ دن زمین پر زندگی کی حفاظت میں اوزون پرت کے رول کی اہمیت کے بارے میں بیداری میں اضافے کیلئے منایا جاتا ہے۔ اِس سال کا موضوع ہے: ’’ایک زیادہ ٹھنڈے کرۂ ارض کیلئے عالمی اقدام‘‘۔ اِس موضوع کے تحت اوزون پرت کے تحفظ میں بین الاقوامی تعاون کی حصولیابیوں کو اُجاگر کیا گیا ہے۔x

Catch the Rain Anthem

جَل شکتی کی وزارت نے ''جَل سنچے - جَن بھاگیداری - بارش کے پانی کا تحفظ کرو'' تحریک کیلئے ایک ترانا جاری کیا ہے۔ اِسے معروف گلوکار اور موسیقار شنکر مہادیون نے گایا ہے۔

اس گانے سے، لوگوں کی شرکت کے ذریعے، پانی کے تحفظ اور بارش کے پانی کو واپس زمین میں پہنچانے کیلئے ایک ملک گیر تحریک کو، موسیقی پر مبنی ایک آواز ملی ہے۔

وزارت نے بتایا کہ اِس ترانے کا مقصد وزیر اعظم نریندر مودی کے پیغام کو ہر گاؤں، قصبے، اسکول، ادارے اور گھر تک پہنچانا ہے اور نوجوانوں میں جذبہ پیدا کرنا ہے کہ وہ پانی کے تحفظ کے سفیر بنیں۔×

Tripura Yaba Seized

شمالی تریپورہ پولیس نے نشیلے مادّوں کی روک تھام کے سلسلے میں ایک بڑی کامیابی حاصل کی ہے۔ اُس نے 50 کلوگرام یابا ٹیبلیٹس ضبط کی ہیں، جن کی قیمت تقریباً 40 کروڑ روپے ہے۔ پانی ساگر پولیس اسٹیشن کی پولیس نے یہ ضبطی، ایک بڑی کارروائی کے دوران کی۔ یہ ضبطی خطّے میں نشیلے مادّوں کا غیر قانونی نیٹ ورک چلانے والوں کیلئے ایک بڑا دھچکا بتایا جا رہا ہے۔×

Nepal Death Toll

نیپال کے اچانک سیلاب میں، جو لوگ ہلاک ہوئے تھے، اُن کی تعداد ایک ہزار 399 تک پہنچ گئی ہے، کیونکہ 8 متاثرہ ضلعوں سے مزید لاشیں برآمد کی گئی ہیں۔ حفاظتی دستے کی مشترکہ کمان، تلاش اور بچاؤ کے کام میں مصروف ہے۔ اِس ناگہانی آفت میں لا پتہ لوگوں کی تعداد 5 ہزار 170 ہو گئی ہے۔

افسران نے بتایا کہ ابھی تک 13 ہزار 742 افراد کو بچایا جا چکا ہے۔×

Russia Ukraine Strike

روس اور یوکرین نے توانائی سے متعلق، ایک دوسرے کے بنیادی ڈھانچے پر حملے کیے ہیں، اگرچہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اعلان کیا تھا کہ دونوں ملکوں نے اِس طرح کے حملے روکنے سے اتفاق کر لیا ہے۔

یوکرین کے افسران نے بتایا کہ روس نے کِیف اور دوسرے شہروں پر رات بھر میں تقریباً 200 ڈرون داغے، جس میں دو افراد ہلاک ہو گئے۔

اسی دوران یوکرین کے صدر وولودومیر زیلنسکی نے کہا کہ اُن کے ملک نے روس کے سَمارہ خطّے میں Syzran کے مقام پر ایک تیل ریفائنری پر حملہ کیا۔ ×

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......فہیم احمد

شکریہ -اسلم بیگ

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے اردو اخبارات نے الگ الگ خبروں کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔ اخبار پرتاپ کی شہ سرخی ہے انجینئرز ڈے پر وزیراعظم نریندر مودی نے انجینئروں کو مبارکباد دی، وشویشوریا کے ملک کی تعمیر کے وژن کو یاد کیا۔ اخباروں نے وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ کے ذریعے دفاعی شعبے میں متعدد نئی پہل قدمیوں کے آغاز کیے جانے کے موقع پر ان کے اس بیان کو نمایاں کیا ہے کہ دفاعی شعبے میں اہم ایس ایم ای اور اسٹارٹ اپس کیلئے آسان ہوگی راہ۔ اخبار انقلاب نے بھارت کے چیف جسٹس سوریہ کانت کے رام جیٹھ ملانی میموریل لیکچر سے خطاب کو سرخی بناتے ہوئے لکھا ہے کہ عدلیہ خود کو احتساب سے بالاتر رکھ کر اعتماد حاصل نہیں کر سکتی۔ کِشاؤ پروجیکٹ سے دلی کو ملے گا، 109 اعشاریہ 9 ایم سی ایم اضافی پانی۔ یہ خبر بھی اخبارات نے نمایاں طور پر شائع کی ہے۔

اخبار انقلاب نے الہ آباد ہائی کورٹ کے اس تبصرے کو پہلے صفحے پر جگہ دی ہے کہ قبل از وقت رہائی کا فیصلہ صرف جیل میں اچھے کردار سے نہیں ہو سکتا۔

اخبارات کی اہم بین الاقوامی خبریں اس طرح ہیں:

- ایران کے خلاف جنگ کے ابتدائی چار ماہ میں، 18 امریکی فوجیوں کی ہلاکت، 18 جنگی جہاز و ہیلی کاپٹرز اور 30 ڈرونز بھی تباہ ہوئے۔
- حوثیوں کے حملے کا بھرپور جواب دیا جائے گا، سعودی اتحادی افواج کا اعلان۔
- باب المندب کی بندش کے تباہ کن نتائج ہو سکتے ہیں: قطر کا بیان۔
- ملک شام نے، 73 ٹن یورینیم عالمی جوہری ادارے کی نگرانی میں دیا۔

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- سرکار نے کہا ہے کہ ایک شخص سے دوسرے شخص تک UPI لین دین پر کوئی چارجز عائد نہیں ہوں گے، خواہ کتنی ہی رقم منتقل کی گئی ہو۔

2- مہاراشٹر سرکار نے 2025-26 کے پیرائی کے سیزن کیلئے شکر ملوں کو نرم شرائط کے قرضے فراہم کرنے کا فیصلہ کیا ہے، تاکہ کسانوں کے بقایاجات ادا کیے جا سکیں۔

3- دلی سرکار نے آشا کارکنوں کیلئے ماہانہ ترغیبی رقم تین ہزار روپے سے دوگنا کرکے چھ ہزار روپے کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ قومی راجدھانی میں کالجوں اور یونیورسٹیوں میں پڑھنے والے دس ہزار طلبا کیلئے ہوسٹل بھی بنائے جائیں گے۔

4- بھارت-امریکہ مشترکہ فوجی مشق Yudh Abhyas اتراکھنڈ میں Auli اور راجستھان میں مہاجن فیلڈ فائرنگ رینج میں ہو رہی ہے۔

5- نیو زیلینڈ کی پارلیمنٹ نے بھارت کے ساتھ آزادانہ تجارت کے سمجھوتے کو نافذ کرنے کیلئے متعلقہ بل کو منظوری دے دی ہے۔

6- اور مردوں کی کرکٹ میں، بھارت نے دوسرے ٹی۔ٹوئنٹی میچ میں افغانستان کو سات وکٹ سے ہرا دیا۔ اِس طرح بھارت نے دو-صفر کی سبقت حاصل کرکے تین میچوں کی سیریز اپنے نام کرلی ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

-----------------------------------